# حج اور عمرے کی دعائیں



مفتی شاہ جہاں قاسمی مدنپلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱) سفر شروع کرنے کی دعاء

جو شخص سفر کے لیے گھر سے روانہ ہوتے وقت یہ دعا پڑھے گا شیطان اور دشمنوں سے محفوظ رہے گا اور ہر مشکل آسان ہو جائے گی

بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

ترجمہ:- اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں اللہ تعالی ہی پر توکل کرتا ہوں معصیت سے حفاظت اور اطاعت پر قدرت اللہ تعالی کی مدد کے بغیر نہیں ہو سکتی

اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصُوْلُ وَ بِكَ اَحُوْلُ وَبِكَ اَسِيْرُ

ترجمہ:- اے اللہ آپ ہی مدد سے حوصلہ اور ہمت کر کے پہنچنے کا ارادہ کرتا ہوں آپ ہی کی مدد سے معصیت سے بچتا ہوں آپ ہی کی مدد سے سفر میں چلتا ہوں

۲) کار، ہوائی جہاز یا دیگر سواری پر سوار ہونے کی دعاء

جب جہاز کی سیڑھیوں پر چڑھنے لگے یا ہوائی جہاز یا گاڑی یا کسی بھی سواری پر سوار ہونے لگے تو بسم اللہ پڑھ کر تین مرتبہ اللہ اکبر کہے اور درج ذیل قرآنی دعاء پڑھے

سُبْحَانَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذا وَمَا كُنَّا لَه مُقْرِنِيْنَ وَإِنَّآ إِلىٰ رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ

ترجمہ:- اللہ کی ذات پاک ہے جس نے اس کو ہمارے اختیار میں دیا ہے اور ہم اس کو اپنے قابو میں کرنے کے اہل نہیں تھے اور ہم صرف اپنے رب کے پاس لوٹنے والے لوٹنے والے ہیں

۳) دوران سفر پڑھنے کی دعاء

اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ فِيْ سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰى وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰى اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا سَفَرَنَا هٰذَا وَاطْوِ عَنَّا بُعْدَه اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ وَالْخَلِيْفَةُ فِي الْأَهْلِ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمَنْظَرِ وَسُوْءِ الْمُنْقَلَبِ فِي الْمَالِ وَالْأَهْلِ

ترجمہ:- اے اللہ ہمارے اس سفر کو ہم پر آسان کر دیجئے اور اس کی درازی کو ہم پر سمیٹ دیجئے اے اللہ آپ ہی سفر میں ہمارے رفیق ہیں اور آپ ہی ہمارے اہل و عیال کی دیکھ بھال کرنے والے ہیں اے اللہ میں آپ کے دربار میں سفر کی مشقت سے پناہ چاہتا ہوں اور پناہ چاہتا ہوں بری حالت دیکھنے سے اور واپس آکر گھر میں بچوں اور مال میں بری حالت دیکھنے سے۔

۴)دوران سفر کسی جگہ ٹھہرنا چاہے تو یہ دعاء پڑھ کر ٹھہر جائے

رَّبِّ أَنزِلْنِي مُنزَلًا مُّبَارَكًا وَأَنتَ خَيْرُ ٱلْمُنزِلِينَ (المؤمنون - ۲۹)

اے میرے رب مجھے برکت کے ساتھ یہاں اتار اور آپ بہترین اتارنے والے ہیں

۵) عمرے کی نیت کرنے کی دعاء

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اُرِیْدُ الْعُمْرَۃَ فَیَسِّرْھَا لِی وَ تَقَبَّلْھَا مِنِّی

اے اللہ! میں نے عمرہ کا ارادہ کیا، اس کو میرے لئے آسان کردے اور اسے مجھ سے قبول کرلے

۶) تلبیہ کے الفاظ

لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لاَ شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ، إِنَّ الْحَمْدَ، وَالنِّعْمَةَ، لَكَ وَالْمُلْكَ، لاَ شَرِيكَ لَكَ

ترجمہ:-میں تیرے دربار میں حاضر ہوں اے اللہ میں تیری بارگاہ میں بار بار حاضر ہوتا ہوں تیرا کوئی ہمسر نہیں میں تیری بارگاہ میں حاضر ہوتا ہوں بے شک ہر تعریف اور ہر قسم کی نعمت اور بادشاہت تیرے ہی لیے ہے تیرا کوئی ہمسر نہیں ہے

۷)حدودِ حرم میں داخل ہونے کی دعاء

اَللّٰھُمَّ اِنَّ ھٰذَا حَرَمُکَ وَحَرَمُ رَسُوْلِکَ فَحَرِّمْ لَحْمِیْ وَدَمِیْ وَبِشْرِیْ عَلَی النَّارِ، اَللّٰھُمَّ آمِنِّیْ عَذَابَکَ یَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَکَ

ترجمہ:-اے اللہ بے شک یہ تیرا اور تیرے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا حرم ہے پس تو میرا گوشت، خون، ہڈی اور کھال کو جہنم پر حرام فرما، اے اللہ اس دن کے عذاب سے میری حفاظت فرما جس دن تو اپنے بندوں کو اٹھائے گا۔

۸)جب مسجد حرام میں داخل ہونے لگے تو داہنا پاؤں آگے رکھے اور یہ دعا پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ وَالصَّلَاۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْ لِ اللّٰہِ

ترجمہ:-میں اللہ کے نام سے داخل ہوتا ہوں درود وسلام اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہو

پھر یہ دعاء پڑھیں اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ

ترجمہ:-اے اللہ میرے گناہوں کو معاف فرما اور میرے لیے اپنی رحمت کے دروازوں کو کھول دے

اس دعا کو پڑھنے کے بعد اعتکاف کی نیت اس طرح کرلیں

نَوَیتُ الاِعتِکَافَ مَا دُمتُ فِی المَسجِد (میں اعتکاف کی نیت کرتا ہوں جب تک کہ مسجد میں ہوں)

۹) بیت اللہ شریف پر پہلی نظر کی دعاء

جب مسجد حرام میں داخل ہونے کے بعد کعبۃ اللہ پر پہلی مرتبہ نظر پڑے تو سب سے پہلے تین مرتبہ اللہ اکبر بولیں پھر لا الہ الا اللہ یہ بھی تین بار بولیں پھر یہ دعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ أَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْکَ السَّلَامُ، فَحَیِّنَا رَبَّنَا بِالسَّلَامِ

ترجمہ:-اے اللہ آپ سلام ہیں اور آپ ہی کی طرف سے سلامتی ہے اے ہمارے پروردگار ہمیں سلامتی کے ساتھ زندہ رکھ

اَللّٰھُمَّ زِدْ بَیْتَکَ ھٰذَا تَشْرِیْفًا وَتَعْظِیْمًا وَتَکْرِیْمًا وَّبِرًّا وَمَھَابَۃً، وَزِدْ مَنْ شَرَّفَہٗ. وَعَظَّمَہٗ مِمَّنْ حَجَّہٗ وَاعْتَمَرَہٗ تَعْظِیْمًا وَّ تَشْرِیْفًا وَّ بِرًّا وَمَھَابَۃً.

ترجمہ:-اے اللہ اپنے اس گھر کی تعظیم وتکریم اور شرف وہیبت کو زیادہ کر دیجئے اور جو شخص اس کا حج یا عمرے یا عمرہ کرے اس کی تعظیم وتکریم اور شرف وثواب زیادہ کر دیجئے

نوٹ:-اگر یہ سب دعائیں زبانی یاد ہوں تو زبانی پڑھیں ورنہ ان کو پرنٹ نکال کر دیکھ کر پڑھنا بھی جائز ہے اور اگر دیکھ کر پڑھنا بھی نہ ہو سکے تو اپنی مادری زبان میں ان دعاؤں کا مفہوم ادا کر کے اپنی دنیا و آخرت کیمر ادیں اللہ سے مانگیں اور پوری امت کے لیے خوب دعاء کریں اور خاص کر یہ دعاء کریں کہ اے اللہ اب سے لیکر موت تک جو بھی دعاء مانگوں ان کو قبول فرما، میں گنہگار تو یہاں آگیا ہوں، اب دنیا میں جتنے مسلمان ہیں اور قیامت تک جتنے آئیں گے ان سب کو بھی یہاں آنے کی توفیق عطا فرما اور اس کتاب کو لکھنے والے کو بھی بار بار حج وعمرہ کی توفیق عطا فرما۔

۱۰)طواف شروع کرتے وقت کی دعاء

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرْ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ، اَللّٰهُمَّ اِيْمَانًا بِكَ وَ تَصْدِيْقًا بِكِتَابِكَ وَوَفَاءً بِعَهْدِكَ وَاِتِّبَاعًا لِسُنَّتِ نَبِيِّكَ ﷺ

ترجمہ:-اللہ کے نام سے طواف شروع کرتا ہوں، اللہ بہت بڑا ہے، اللہ ہی کے لئے ہر تعریف ہے اور درود و سلام اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہو، اے اللہ تجھ پر ایمان لاتے ہوئے اور تیری کتاب کی تصدیق اور تیرے عہد کو پورا کرنے اور تیرے نبی کی سنت کی اتباع میں حجر اسود کو چومتا ہوں۔

نوٹ:-یہ اوپر والی دعاء طواف کے ہر چکر کے شروع میں بھی پڑھنا ہے

۱۱)طواف کے پہلے چکر کی دعاء

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُلِلّٰهِ وَلَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرْ وَلَا حَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ، وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ، اَللّٰهُمَّ اِيْمَانًا بِكَ وَتَصْدِيقًا بِكَلِمَاتِكَ وَوَفَاءً بِعَهْدِكَ وَاِتِّبَاعًا لِسُنَّتِ نَبِيِّكَ وَحَبِيْبِكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ﷺ۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ أَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ وَالْمُعَافَاةَ الدَّائِمَةَ فِى الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ

ترجمہ:-اللہ کی ذات ہر عیب سے پاک ہے اور ہر تعریف اللہ کے لئے ہے اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، اللہ بہت بڑا ہے، اس کی مدد کے بغیر گناہوں سے بچا نہیں جا سکتا، اور اسی کی مدد سے عبادت پر قدرت ہوتی ہے، اللہ بہت بڑا ہے اور بہت بڑی عظمت والا ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام نازل ہو، اے اللہ ہم تجھ پر ایمان لانے کی حالت میں اور تیرے کلمات کی تصدیق کرکے اور عہد کو پورا کرتے ہوئے اور تیرے نبی کی سنت کی اتباع میں طواف کرتے ہیں، اے اللہ بیشک میں تجھ سے عفو اور سلامتی کا سوال کرتا ہوں، اور دین اور دنیا اور آخرت میں دائمی درگزر اور حصول جنت اور جہنم سے نجات کے ساتھ کامیابی کی درخواست کرتا ہوں۔

۱۲)رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان پڑھنے کی دعاء

طواف کے ساتوں چکروں میں جو الگ الگ دعائیں ہیں وہ حجرِ اسود سے رکن یمانی تک پوری کرلیں، پھر طواف کے ہر چکر میں رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَةَ فِی الدُّنْیَا وَالْآخِرَةِ، رَبَّنَا آتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ، وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ مَعَ الْاَبْرَارِ یَاعَزِیْزُ یَاغَفَّارُ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ۔

ترجمہ:-اے اللہ میں آپ سے دنیا اور آخرت کی بھلائی اور معافی چاہتا ہوں، اے ہمارے رب ہم کو دنیا اور آخرت کی بھلائی عطا فرما اور جہنم کے عذاب سے ہم کو بچالے اور جنت میں نیک لوگوں کے ساتھ ہم کو داخل فرما، تو بڑا غالب اور بڑا بخشش کرنے والا، اے دونوں جہاں کے پالنہار

۱۳)طواف کے دوسرے چکر میں یہ دعاء پڑھے

اَللّٰھُمَّ اِنَّ ہٰذَا الْبَیْتَ بَیْتُکَ وَالْحَرَمَ حَرَمُکَ وَالْاَمْنَ اَمْنُکَ وَالْعَبْدَ عَبْدُکَ وَاَنَا عَبْدُکَ وَابْنُ عَبْدِکَ وَہٰذَا مُقَامُ الْعَائِذِ بِکَ مِنَ النَّارِ، فَحَرِّمْ لُحُوْمَنَا وَبِشْرَتَنَا عَلَی النَّارِ،اَللّٰھُمَّ حَبِّبْ اِلَیْنَا الْاِیْمَانَ وَ زَیِّنْہُ فِیْ قُلُوْبِنَا وَکَرِّہْ اِلَیْنَا الْکُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْیَانَ وَاجْعَلْنَا مِنَ الرَّاشِدِیْنَ،اَللّٰھُمَّ قِنِیْ عَذَابِکَ یَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادِکَ،اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ جَنَّتَکَ بِغَیْرِ حِسَابٍ۔

ترجمہ:-اے اللہ یہ تیرا ہی گھر ہے، حرم تیرا ہی ہے حرم ہے، یہاں کا امن وامان تیرا ہی قائم کیا ہوا ہے، اور ہر بندہ تیرا ہی بندہ ہے، اور میں بھی تیرا ہی بندہ ہوں اور تیرا ہی بندہ زادہ ہوں، یہ مقام تیری مدد سے جہنم کی آگ سے پناہ اور حفاظت کا ہے، پس ہمارے گوشت اور چمڑے کو جہنم پر حرام کردے۔ اے اللہ ہمیں ایمان کی محبت عطا فرما، اور ہمارے دلوں کو ایمان کے نور سے منور کردے اور کفر وفسق سے ہمیں نفرت عطا فرما اور ہم کو ہدایت یافتہ لوگوں میں شامل فرما۔ اے اللہ مجھ کو قیامت کے دن کے عذاب بچا، جس دن تو اپنے بندوں کو دوبارہ زندہ فرمائیگا، اے اللہ ہم کو بغیر حساب کتاب جنت عطا فرما۔

۱۴)طواف کے تیسرے چکر کی دعاء

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الشَّکِّ وَالشِّرْکِ وَالشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَسُوْءِ الْاَخْلَاقِ وَسُوْءِ الْمَنظَرِ وَالْمُنْقَلَبِ فِیْ الْمَالِ وَالاَہْلِ وَالْوَلَدِ۔اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ، وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْیَاءِ وَالْمَمَاتِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخِزْیِ فِیْ الدُّنْیَا وَالْآخِرَةِ

ترجمہ:-اے اللہ میں تیرے دین اور احکام میں شک کرنے سے پناہ مانگتا ہوں، میں پناہ مانگتا ہوں کسی کو تیرا ہمسر بنانے سے اور تیرے احکام کی مخالفت کرنے سے اور نفاق سے، سوءِ اخلاق سے، بری چیز دیکھنے سے، اور پناہ مانگتا ہوں مال، اہل و عیال اور اولاد کی تبدیلی سے۔ اے اللہ میں قبر کے فتنے سے، تیرے دربار میں پناہ مانگتا ہوں، اور زندگی اور سکرات موت کی سختیوں سے پناہ مانگتا ہوں، اور دنیا اور آخرت کی رسوائی سے میں تیری پناہ چاہتا ہوں۔

۱۵)طواف کے چوتھے چکر کی دعاء

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْهُ حَجًّا مَبْرُوْرًا وَسَعْیًا مَشْکُوْرًا وَذَنْبًا مَغْفُوْرًا وَعَمَلاً صَالِحًا مَقْبُوْلًا وَتِجَارَةً لَنْ تَبُوْرَیَاعَلِیْمُ مَافِیْ الصُّدُوْرِ اَخْرِجْنِیْ یَا اَللّٰہُ مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَی النُّوْرِ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِکَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِکَ وَالسَّلَامَةَ مِنْ کُلِّ اِثْمٍ وَالْغَنِیْمَةَ مِنْ کُلِّ بِرٍ وَالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ، رَبِّ قَنِّعْنِیْ بِمَا رَزَقْتَنِیْ وَبَارِکْ لِیْ فِیْمَا اَعْطَیْتَنِیْ وَاخْلُفْ عَلٰی کُلِّ غَائِبَةٍ لِیْ مِنْکَ بِخَیْرٍ

ترجمہ:-اے اللہ میرے اس حج کو حج مبرور اور حج مقبول بنا، اور میری اس کوشش کو ٹھکانے پر لگا، اور میرے گناہوں کی بخشش فرما، اور میرے اس عمل کو قبول ترین عمل صالح بنا، اور اس کو ایسی تجارت بنا جس میں کوئی گھاٹا نہ ہو، اے دلوں کی باتوں کے جاننے والے، اے اللہ مجھ کو تاریکی سے نکال کر اُجالے میں داخل فرما۔ اے اللہ بیشک میں تیری رحمت کے حصول کے ذرائع اور تیری بخشش کے راستے اور گناہ سے سلامتی کی التماس کرتا ہوں اور ہر نیکی پر قائم رہنے اور جنت کی کامیابی اور جہنم سے نجات کی التماس کرتا ہوں۔ اے میرے رب اس روزی پر قناعت عطا فرما جو تو نے مجھے دی ہے، اور مجھے برکت عطا فرما ان چیزوں میں جو تو نے مجھے عطا فرمائی ہیں، اور تو خیر کے ساتھ میری ہر اس چیز کا نگہبان بن جا، جو مجھ سے غائب ہے۔

۱۶)طواف کے پانچویں چکر میں یہ دعاء پڑھے

اَللّٰھُمَّ اَظِلَّنِیْ تَحْتَ ظِلِّ عَرْشِکَ یَوْمَ لَاظِلَّ اِلَّاظِلُّ عَرْشِکَ وَلَابَاقِیْ اِلَّا وَجْھَکَ، وَاسْقِنِیْ مِنْ حَوْضِ نَبِیِّکَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ ﷺ شُرْبَةً ھَنِیْئَةً مَرِیْئَةً لَانَظْمَأُ بَعْدَہَا اَبَدًا۔اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِمَا سَأَلَکَ مِنْہُ نَبِیُّکَ سَیِّدُنَا مُحَمَّدٌ ﷺ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَکَ مِنْہُ نَبِیُّکَ سَیِّدُنَا مُحَمَّدٌ ﷺ وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَیْکَ الْبَلٰغُ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْجَنَّةَ وَنَعِیْمَھَا وَمَا یُقَرِّبُنِیْ اِلَیْھَا مِنْ قَوْلٍ اَوْ فِعْلٍ اَوْعَمَلٍ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنَ النَّارِ، وَمَایُقَرِّبُنِیْ اِلَی النَّارِ مِنْ قَوْلٍ اَوْ فِعْلٍ اَوْعَمَلٍ

ترجمہ:-اے اللہ جس دن تیرے عرش کے سایہ کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہو گا،اس دن مجھے عرش کے سایہ کے نیچے جگہ عطافرما،اور تیری ذات کے علاوہ کوئی باقی رہنے والا نہیں ہے،اور مجھ کو اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حوض سے سیر اب کر دے اورایسا خوش ذائقہ پانی پلادے جس کے بعد پھر پیاس نہ لگے،اے اللہ میں تجھ سے ہر اس چیز کا سوال کرتا ہوں جس کا تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے سوال کیا تھا،اور میں ہر اس چیز کے شر سے پناہ مانگتا ہوں جس سے تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے پناہ مانگی ہے،اور تو ہی مدد گار اور تو ہی کافی ہے اور اللہ کی مدد کے بغیر مصیت سے حفاظت اور عبادت پر قدرت نہیں ہو سکتی،اے اللہ بیشک میں تجھ سے جنت اور اس کی نعمتوں کا سوال کرتا ہوں اور اس چیز کا سوال کرتا ہوں جو قول، فعل اور عمل میں سے جو مجھ کو جنت میں پہنچادے،اور میں جہنم کے عذاب سے پناہ مانگتا ہوں اور قول فعل اور عمل میں سے ہر اس چیز سے پناہ مانگتا ہوں جو مجھ کو جہنم سے قریب کر دے۔

۱۷)طواف کے چھٹے چکر میں یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ اِنَّ لَکَ عَلٰی حُقُوْقًا کَثِیْرَۃً فِیْمَا بَیْنِیْ وَبَیْنَکَ،وَ حُقُوْقًا کَثِیْرَۃً فِیْمَا بَیْنِیْ وَبَیْنَ خَلْقِکَ، اَللّٰھُمَّ مَا کَانَ لَکَ مِنْھَا فَاغْفِرْہُ لِیْ وَمَاکَانَ لِخَلْقِکَ فَتَحَمَّلَہٗ عَنِّیْ وَاغْنِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَبِطَاعَتِکَ عَنْ مَعْصِیَتِکَ وَبِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ یَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَۃِ، اَللّٰھُمَّ اِنَّ بَیْتِکَ عَظِیْمٌ وَوَجْھَکَ کَرِیْمٌ، وَاَنْتَ یَااَللّٰہُ، حَلِیْمٌ، کَرِیْمٌ، عَظِیْمٌ، تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ۔

ترجمہ:-اے اللہ بیشک تیرے میرے اوپر بیشمار حقوق ہیں جو تیرے اور میرے درمیان میں ہیں،اور بے شمار حقوق میرے اور تیری مخلوق کے درمیان میں ہیں،اے اللہ ان میں سے جو حقوق تیرے ہیں تو اسے معاف فرمادے،اور جو تیری مخلوق کے ہیں ان کو اپنی مخلوق سے بخشوانے کی ذمہ داری لے لے،اور مجھ کو حلال کمائی کی توفیق عطا فرما اور حرام سے حفاظت فرما،اے اللہ تیری اطاعت کے ذریعہ سے معصیت سے حفاظت اور تیرے فضل سے غیروں کے محتاج بننے اور احسان مند ہونے سے حفاظت فرما،اے بہت زیادہ بخشنے والے،اے اللہ بیشک تیرا گھر بڑی عظمت والا ہے،اور تیری ذات کرم والی ہے،اے اللہ تو بڑا بردبار کرم والا ہے اور عظمت والا ہے،معاف کرنے کو تو پسند فرماتا ہے لہٰذا مجھے معاف کردے۔

۱۸)طواف کے ساتویں چکر میں پڑھنے کی دعاء

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اِیْمَانًا کَامِلاً وَیَقِیْنًا صَادِقًا وَرِزْقًا وَاسِعًا وَقَلْبًا خَاشِعًا وَلِسَانًا ذَاکِرًا وَ حَلَالاً طَیِّبًا وَتَوْبَۃً نَصُوْحًا وَتَوْبَۃً قَبْلَ الْمَوْتِ وَرَاحَۃً عِنْدَ الْمَوْتِ وَمَغْفِرَۃً وَرَحْمَۃً بَعْدَ الْمَوْتِ وَالْعَفْوَ عِنْدَ الْحِسَابِ وَالْفَوْزَ بِالْجَنَّۃِ وَالنَّجَاۃَ مِنَ النَّارِ بِرَحْمَتِکَ یَاعَزِیْزُ یَا غَفَّارُ، رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا وَالْحِقْنِیْ بِالصَّالِحِیْنَ۔

ترجمہ:-اے اللہ بیشک میں آپ سے کامل ایمان اور سچا یقین اور وسیع رزق کا سوال کرتا ہوں، اور خشوع کرنے والا دل اور ذکر کرنے والی زبان، پاک حلال کمائی، اور سچی توبہ اور مرنے سے پہلے توبہ کی توفیق، اور موت کے وقت آسانی، اور مرنے کے بعد مغفرت اور رحمت، اور حساب و کتاب کے وقت معافی اور در گزر، اور جنت کی کامیابی، اور جہنم سے تیری رحمت سے نجات چاہتا ہوں، اے بڑے غالب اور بڑی بخشش کرنے والے، اے میرے رب میرے علم میں اضافہ کر، اور مجھ کو آخرت میں نیک لوگوں کے ساتھ شامل کر۔

۱۹)طواف کی دو رکعت کے بعد مقام ابراہیمؑ پر پڑھنے کی دعاء

طواف کی دو رکعت پڑھ کر مقام ابراہیمؑ پر جا کر آدم علیہ السلام والی دعا پڑھے۔ دعائے آدمؑ کی فضیلت یہ ہے کہ جو اس دعا کو پڑھے گا اللہ اس کے تمام گناہوں کو معاف کریگا، اور اس کی تمام پریشانی دور کریگا، پھر کبھی فقر و فاقہ کی نوبت نہ آئیگی، اور دنیا ذلیل ہو کر اس کے پاس آئیگی۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ تَعْلَمُ سِرِّیْ وَعَلَانِیَتِیْ فَاقْبَلْ مَعْذِرَتِیْ وَتَعْلَمُ حَاجَتِیْ فَاعْطِنِیْ سُؤْلِیْ وَتَعْلَمُ مَافِیْ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اِیْمَانًا یُبَاشِرُ قَلْبِیْ وَیَقِیْنًا صَادِقًا حَتّٰی اَعْلَمُ اَنَّہٗ لَایُصِیْبُنِیْ اِلاَّ مَا کَتَبْتَ لِیْ وَرِضًا بِمَا قَسَّمْتَ لِیْ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

ترجمہ:-اے اللہ تو میرے ظاہر اور باطن کو خوب جانتا ہے میرا عذر قبول فرما، تو میری حاجت کو جانتا ہے لہٰذا میری طلب پوری فرما، اور تو میرے دل کی بات جانتا ہے، میرا گناہ معاف فرما، اے اللہ میں تجھ سے ایمان راسخ اور یقین صادق کا سوال کرتا ہوں، جو میرے دل میں اُتر جائے، حتی کہ میں جان لوں کہ مجھ کو صرف اتنی مقدار پہنچ سکتی ہے جتنا تو نے میرے لئے لکھ دیا ہے، اور میں تجھ سے اس چیز پر رضامندی طلب کرتا ہوں جتنا تو نے میرے مقدر کر رکھا ہے، اے تمام رحم کرنے والوں میں زیادہ رحم کرنے والے۔

۲۰)ملتزم پر پڑھنے کی دعاء

ملتزم خانہ کعبہ کے دروازہ اور حجر اسود کے درمیان بیت اللہ کی دیوار کا حصہ ہے

حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس جگہ بچے کی طرح لپٹ کر دعا کرتے تھے، اس جگہ اگر موقع مل جائے تو یہ دعاء پڑھے

اَللّٰہُمَّ اِنَّ ہٰذَا بَیْتُکَ الَّذِیْ جَعَلْتَہٗ مُبَارَکًا وَہُدیٰ لِلْعَالَمِیْنَ، اَللّٰہُمَّ کَمَا ہَدَیْتَنِیْ لَہٗ فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ وَلاَ تَجْعَلْ ہٰذَا آخِرَ الْعَہْدِ مِنْ بَیْتِکَ وَارْزُقْنِیْ الْعَوْدَ اِلَیْہِ حَتّٰی تَرْضیٰ عَنِّیْ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

ترجمہ:-اے اللہ بیشک یہ تیرا وہ گھر ہے جس کو تونے تمام عالم کے لئے برکت اور ہدایت کا ذریعہ بنایا ہے، اے اللہ جس طرح تونے مجھے اس حج کے لئے ہدایت دی اس طرح میری طرف سے قبول فرما، اور میرے اس سفر کو اپنے گھر کا آخری سفر نہ بنا، اور دوبارہ لوٹ کر آنا نصیب فرما یہاں تک کہ تو مجھ سے راضی ہو جائے، اے ارحم الراحمین اپنی رحمت سے میری دعا قبول فرما۔

۲۱)میزاب رحمت کے نیچے پڑھنے کی دعاء

بیت اللہ کے پرنالے کے نیچے بھی دعائیں قبول ہوتی ہیں اس کو میزاب رحمت کہتے ہیں، اس جگہ یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰہُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اِیْمَانًا لاَیَزُوْلُ وَیَقِیْنًا لاَیَنْفَدُ وَمُرَافَقَۃَ نَبِیِّکَ ﷺ اَللّٰہُمَّ اَظِلَّنِیْ تَحْتَ ظِلِّ عَرْشِکَ یَوْمَ لاَظِلَّ اِلاَّ ظِلُّ عَرْشِکَ وَاسْقِنِیْ بِکَأْسِ مُحَمَّدٍ ﷺ شَرْبَۃً لاَاَظْمَأُ بَعْدَہَا اَبَدًا

ترجمہ:-اے اللہ میں تجھ سے ایسا ایمان مانگتا ہوں جو کبھی ختم نہ ہو اور تیرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ساتھ مانگتا ہوں، اے اللہ مجھے اس دن اپنے عرش کا سایہ عطا فرما، جس دن عرش کے سایہ کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پیالے سے ایسا شربت پلادے کہ اس کے بعد کبھی پیاس نہ لگے۔

۲۲)زمزم پینے کی دعاء

اَللّٰہُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ عِلْمًا نَافِعًا وَرِزْقًا وَاسِعًا وَشِفَاءً مِنْ کُلِّ دَاءٍ

اے اللہ میں تجھ سے نفع دینے والا علم، وسیع رزق اور ہر بیماری سے شفاء کا سوال کرتا ہوں۔

۲۳)صفا پہاڑی پر چڑھتے وقت یہ دعاء پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ اَبْدَأُ بِمَا بَدَأَ اللّٰهُ بِهٖ اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ

ترجمہ:- میں اللہ کا نام لے کر وہاں سے شروع کرتا ہوں جہاں سے اللہ تعالیٰ نے شروع فرمایا، بیشک صفا اور مروہ دونوں اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے ہیں۔

۲۴)صفا اور مروہ پر کھڑے ہو کر پڑھنے کی دعاء

صفا پہاڑی پر کھڑے ہو کر بیت اللہ کی طرف رخ کر کے تین مرتبہ یہ دعاء پڑھ کر اللہ سے دعا مانگے اور مروہ پر بھی یہی دعا پڑھے

لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْكَ لَهٗ ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ اَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ۔

ترجمہ:- اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ تنہا ہے اس کا کوئی ہمسر نہیں، اسی کے لئے ملک ہے، اسی کے لئے تمام تعریفیں ہیں، وہی زندہ کرتا ہے وہی مارتا ہے، وہی ہر چیز پر قادر ہے، اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ تنہا ہے، اس نے اپنا وعدہ پورا فرمایا، اور اپنے بندے کی مدد کی، اور تنہا اس نے لشکروں کو شکست دی۔

۲۵)میلین اخضرین (چھت پر لگی ہوئی ہرہ لائٹس) کے درمیان پڑھنے کی دعاء

سعی کرتے ہوئے جب ہرے ستونوں کے پاس پہنچے تو یہ دعاء پڑھے

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَتَجَاوَزْ عَمَّا تَعْلَمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَكْرَمْ

ترجمہ:- اے میرے پروردگار میری مغفرت فرما، اور مجھ پر رحم فرما، ان گناہوں کو معاف فرما جو تیرے علم میں ہے، بیشک تو ہی سب پر غالب اور زیادہ کرم کرنے والا ہے۔

۲۶)میلین اخضـرین (چھت پر لگی ہوئی ہرہ لائٹس) کے بعد مروہ کی

طرف چلنے کی دعاء

اَللّٰھُمَّ اسْتَعْمِلْنِیْ بِسُنَّۃِ نَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ ﷺ وَتَوَفَّنِیْ عَلٰی مِلَّتِہٖ وَاَعِذْنِیْ مِنْ مُضِلَّاتِ الْفِتَنِ بِرَحْمَتِکَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۔

ترجمہ:-اے اللہ مجھ کو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کا پابند بنا، اور مجھ کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دین پر موت عطافرمااور ہر گمراہ کن فتنوں سے اپنی رحمت کے ذریعہ سے میری حفاظت فرما، اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے مجھے اپنی رحمت سے نواز۔

# حج کی دعائیں

## حج کی نیت

اَللّٰھُمَّ إِنِّي أُرِيْدُ الْحَجَّ، فَيَسِّرْه لِي، وَتَقَبَّلْه مِنِّی، وَأَعِنِّي عَلَيْه، وَبَارِکْ لِي فِيْه، نَوَيْتُ الْحَجَّ، وَأَحْرَمْتُ بِه تَعَالی

ترجمہ:-اے اللہ! میں حج کا اِرادہ کرتا ہوں، پس اس کو میرے لئے آسان کردے، اور اسے مجھ سے قبول کرلے، اور اس میں میری مدد فرما، اور اس میں میرے لئے برکت ڈال، میں نے حج کی نیت کی، اور اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے لئے احرام باندھا۔"

## عرفات کی طرف جاتے ہوئے پڑھنے کی دعا

۹ر ذی الحجہ کو عرفات کی طرف روانہ ہوتے وقت یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اِلَیْکَ تَوَجَّھْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَوَجْھَکَ اَرَدْتُ فَاجْعَلْ ذَنْبِیْ مَغْفُوْرًا وَحَجًّا مَبْرُوْرًا وَارْحَمْنِیْ وَلَا تُخَیِّبْنِیْ وَبَارِکْ فِیْ سَفْرِلِیْ وَاقْضِ بِعَرَفَاتٍ حَاجَتِیْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَئٍ قَدِیْرٌ ۔

ترجمہ:اے اللہ میں تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں اور تجھ پر بھروسہ کرتا ہوں اور تیری ذات کا ارادہ رکھتا ہوں، لہٰذا میرے گناہ معاف فرما اور میرے حج کو قبول فرمااور مجھ پر رحم فرمااور مجھے نامراد نہ بنااور میرے سفر میں برکت عطافرما

اور میدان عرفات میں میری حاجت پوری فرما، بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

## میدان عرفات میں جب جبل رحمت پر نظر پڑے تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ اِلَیْکَ تَوَجَّھْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَوَجْھَکَ اَرَدْتُّ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَتُبْ عَلَیَّ وَاعْطِنِیْ سُؤْلِیْ وَوَجِّهْ لِیْ الْخَیْرَ اَیْنَمَا تَوَجَّھْتُ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا وَاللّٰہُ اَکْبَرْ۔

ترجمہ: اے اللہ میں تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں اور تجھ پر بھروسہ کرتا ہوں اور تیری ذات کا ارادہ کرتا ہوں، اے اللہ میرے گناہ معاف فرما۔ اور میری توبہ قبول فرما اور میری مراد مجھے عطا فرما، ہر قسم کی خیر کو میری طرف متوجہ فرما جدھر میں متوجہ ہوتا ہوں، اللہ کی ذات پاک ہے ہر تعریف اللہ کیلئے ہے اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور اللہ بہت بڑا ہے۔

## میدان عرفات میں سب سے افضل دعاء

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا میں نے اور مجھ سے پہلے نبیوں نے میدان عرفات میں جو دعائیں کی ہیں ان میں سب سے افضل دعائے توحید ہے وہ یہ ہے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ، لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ بِیَدِہٖ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ تنہا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے ملک ہے اور اسی کے لئے تمام تعریفیں ہیں، اسی کے ہاتھ میں تمام بھلائی ہے، وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اگر ہو سکے تو اس دعا کو عرفات میں سو مرتبہ پڑھے، یہ چوتھا کلمہ ہے۔

حضرت جابر بن عبد اللہؓ سے منقول ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو مسلمان عرفہ کے دن زوال کے بعد میدان عرفات میں قبلہ رخ ہو کر

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ، لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ بِیَدِہٖ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (سو مرتبہ) قل ھو اللہ احد اللہ الصمد، لم یلد، ولم یولد، ولم یکن لہ کفوا احد۔ (سو مرتبہ)

اللّٰھم صل علی محمد وعلی آل محمد کما صلیت علی ابراہیم وعلی آل ابراہیم انک حمید مجید وعلینا معھم۔ (سو مرتبہ) پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرمائیں گے

اے میرے فرشتو! اس بندے کی کیا جزا ہے جس نے میری تسبیح و تہلیل، تکبیر و تعظیم تعریف و ثنا کی اور میرے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجا... اے میرے فرشتو! تم گواہ رہو، میں نے اس کو بخش دیا اور اس کی شفاعت قبول کی اور اگر وہ اہل عرفات کے لئے شفاعت کرتا تو بھی میں قبول کرتا۔

## مزدلفہ کی رات میں پڑھنے کی دعاء

مزدلفہ کی رات میں یہ دعا کثرت سے پڑھے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اَنْ تَرْزُقَنِیْ فِیْ ہٰذَا الْمَکَانِ جَوَامِعَ الْخَیْرِ کُلِّہٖ وَاَنْ تَصْرِفَ عَنِّیْ السُّوْءَ کُلَّہٗ فَاِنَّہٗ لَایَفْعَلُ ذٰلِکَ غَیْرُکَ وَلَا یَجُوْدُ بِہٖ اِلاَّ اَنْتَ

ترجمہ: اے اللہ بیشک میں تجھ سے اس بات کا سوال کرتا ہوں کہ مجھ کو اس مقدس مقام میں تمام نیکیوں اور بھلائیوں کا مجموعہ عطا فرما اور مجھ سے ہر قسم کی برائیوں کو دور فرما، بیشک تیرے علاوہ یہ کام کوئی نہیں کر سکتا، اور نہ تیرے سوا کوئی دوسرا اس بھلائی کی بخشش کر سکتا ہے۔

## مزدلفہ سے منیٰ پہنچ کر پڑھنے کی دعاء

جب مزدلفہ سے منیٰ پہنچ جائے تو جمرات تک پہنچنے سے پہلے تلبیہ کثرت سے پڑھے اور یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ ہٰذِہٖ مِنٰی قَدْ اَتَیْتُھَا وَاَنَا عَبْدُکَ وَابْنُ عَبْدِکَ اِسْئَلُکَ اَنْ تَمُنَّ عَلَیَّ بِمَا مَنَنْتَ بِہٖ عَلٰی اَوْلِیَائِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

اے اللہ یہ مقام منیٰ ہے جس میں میں حاضر ہوا ہوں اور میں تیرا بندہ ہوں اور تیرا بندہ زادہ ہوں، تجھ سے یہ سوال کرتا ہوں کہ تو مجھ پر ایسا احسان فرما جیسا کہ تونے اپنے اولیاء اور نیک بندوں پر کیا ہے اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے۔

## جمرہ کبریٰ (بڑے شیطان) پر پہلی رمی کرنے سے پہلے کی دعاء

جمرہ عقبہ پر پہنچنے کے بعد تلبیہ پکارنا بند کر دیں اور یہ دعا پڑھنے کے بعد سات کنکریاں ماریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ أَکْبَرُ رَغْمًا لِلشَّیْطَانِ وَ رِضًا لِلرَّحْمٰنِ.

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو سب سے بڑا ہے، تاکہ شیطان ذلیل ہو اور ربِ رحمان راضی ہو۔

نوٹ:- یہی دعاء باقی دنوں میں تینوں شیطانوں کو کنکر مارتے وقت بھی پڑھنی ہے

## چھوٹے اور بیچ کے شیطان کی رمی کے بعد یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ حَجًّا مَّبْرُوْرًا وَّذَنْبًا مَغْفُوْرًا وَّسَعْیًا مَّشْکُوْرًا ۔

ترجمہ: اے اللہ! اس کو میرے لئے حج مبرور بنا اور میرے گناہ معاف فرما اور میری کوشش کو قبول فرما۔

## حلق کی دعاء (قربانی کے بعد سر منڈواتے وقت یہ دعا پڑھے)

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ فِیْ نَفْسِیْ وَاغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَاجْعَلْ لِیْ لِکُلِّ شَعْرَۃٍ مِنْھَا نُوْرًا یَوْمَ الْقِیَامَۃِ

ترجمہ: اے اللہ میرے اندر برکت عطا فرما اور میرے گناہ معاف فرما اور سر کے ان بالوں میں سے ہر بال کے بدلے میں قیامت کے دن ایک ایک نور عطا فرما۔

## مکہ معظمہ سے واپسی کی دعاء

طواف وداع کے بعد دو رکعت پڑھے، پھر حجر اسود کو بوسہ دے، اس کے بعد کعبۃ اللہ کی جدائی پر افسوس اور حسرت کے ساتھ خوب گڑ گڑا کر روئے، رونا نہ آئے تو رونے کی صورت بنائے اور حسرت کی نگاہ سے بیت اللہ کی طرف دیکھتا ہوا روتا ہوا مسجد حرام سے باہر نکلے اور دروازہ پر کھڑے ہو کر یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ لَاتَجْعَلْ ہٰذَا آخِرَ الْعَہْدِ مِنْ بَیْتِکَ وَارْزُقْنِیْ الْعَوْدَ اِلَیْہِ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ، لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ، اٰئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ سَاجِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ، صَدَقَ اللّٰہُ وَعْدَہٗ وَنَصَرَ عَبْدَہٗ وَہَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَہٗ

ترجمہ: اے اللہ میرے اس سفر کو اپنے گھر کا آخری سفر نہ بنا میرے لئے دوبارہ لوٹ کر آنا مقدر فرما، اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ تنہا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے بادشاہت ہے، اسی کے لئے ہر قسم کی تعریف ہے، وہی ہر چیز پر قادر ہے، ہم لوٹنے والے ہیں، توبہ کرنے والے ہیں، عبادت کرنے والے ہیں، اپنے رب کی تعریف کرنے والے ہیں، اللہ نے اپنا وعدہ سچ کر دکھایا اور اپنے بندے کی مدد فرمائی اور اس نے تن تنہا لشکروں کو شکست دی۔

# مدینہ منورہ کی دعائیں

نوٹ:-مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ جاتے ہوئے خوب درود شریف پڑھیں

## مدینہ منورہ کے قریب پہنچ کر پڑھنے کی دعاء

جب مدینہ منورہ کی طرف روانہ ہوں تو راستہ میں کثرت سے درود شریف پڑھتے رہیں اور جب مدینہ کے قریب پہنچ جائیں تو یہ دعاء پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ ہٰذَا حَرَمُ رَسُوْلِکَ فَاجْعَلِ الدُّخُوْلَ وَقَایَۃً مِنَ النَّارِ وَاَمَانًا مِنَ الْعَذَابِ وَسُوْءِ الْحِسَابِ

اے اللہ یہ آپ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا حرم پاک ہے، اس حرم کو میرے لئے جہنم سے بچاؤ کا ذریعہ بنا اور اس کو میرے لئے عذاب اور برے حساب کتاب سے حفاظت کا ذریعہ بنا۔

## مدینہ منورہ میں داخلہ کے وقت پڑھنے کی دعاء

بِسْمِ اللّٰہِ مَاشَاءَ اللّٰہُ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلاَّ بِاللّٰہِ رَبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَارْزُقْنِیْ مِنْ زِیَارَۃِ رَسُوْلِکَ مَارَزَقْتَ اَوْلِیَائِکَ وَاَہْلَ طَاعَتِکَ وَاَنْقِذْنِیْ مِنَ النَّارِ وَاغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ یَاخَیْرَ مَسْؤلٍ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لَنَا فِیْہَا قَرَارًا وَرِزْقًا حَسَنًا

اللہ کا نام لے کر داخل ہوتا ہوں جو اللہ نے چاہا وہی ہو گا، اللہ کی مدد کے بغیر گناہوں سے بچنا اور عبادت کی توفیق نہیں ہوتی، اے میرے رب مجھ کو ایمان کی سلامتی کے ساتھ داخل فرما، اور ایمان کی سلامتی کے ساتھ مجھے واپس لوٹا، اور مجھے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ایسی زیارت نصیب فرما جیسی تونے اپنے اولیاء اور نیک بندوں کو نصیب فرمائی، اور جہنم کی آگ سے بچا، اور میری مغفرت فرما، اور مجھ پر رحم فرما، اے اللہ تو ان میں سب سے بہتر ہے جن سے مانگا جاتا ہے، اے اللہ ہمارے لئے مدینہ منورہ میں بہترین ٹھکانہ بنا، اور اچھا رزق مقدر فرما۔

## روضہ اقدس پر صلوۃ وسلام

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ، اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلامُ عَلَیْکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ، اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلامُ عَلَیْکَ یَا خَیْرَ خَلْقِ اللّٰہِ، اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلامُ عَلَیْکَ یَا خَیْرَ خَلْقِ اللّٰہِ مِنْ جَمِیْعِ خَلْقِ اللّٰہِ، اِلصَّلٰوۃُ وَالسَّلامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَ وُلْدِ آدَمَ، اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ اَشْھَدُ اَنْ لَاّ اِلٰہَ اِلَاّاللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّکَ عَبْدَہٗ وَرَسُوْلُہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَدْ بَلَّغْتَ الرِّسَالَۃَ وَاَدَّیْتَ الْاَمَانَۃَ وَنَصَحْتَ الاُمَّۃَ وَکَشَفْتَ الْغُمَّۃَ وَجَزَاکَ اللّٰہُ عَنَّا خَیْرًا جَزَاکَ اللّٰہُ عَنَّا اَفْضَلَ وَاَکْمَلَ مَاجَزٰی بِہٖ نَبِیًّا عَنْ اُمَّتِہٖ اَللّٰھُمَّ اَعْطِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ وَابْعَثْہٗ مَقَامًا مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ اِنَّکَ لَاتُخْلِفُ الْمِیْعَادِ وَاَنْزِلْہٗ الْمَنْزِلَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَکَ اِنَّکَ سُبْحَانَکَ ذُوْ الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

ترجمہ:۔صلوۃ وسلام ہو آپ پر اے اللہ کے رسول، صلوۃ وسلام ہو آپ پر اے اللہ کے حبیب، صلوۃ وسلام ہو آپ پر اے اللہ کے مخلوق میں سب سے بہتر، صلوۃ وسلام ہو آپ پر اے تمام مخلوقات میں سب سے برگزیدہ، صلوۃ وسلام ہو آپ پر اے اولاد آدم کے سردار، درود وسلام ہو آپ پر اے اللہ کے نبی، اور اس کی رحمتیں اور اس کی برکتیں، یارسول اللہ بیشک میں اس کی گواہی دیتاہوں کہ اور میں اس بات کی گواہی دیتاہوں کہ آپ اس کے بندے اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ تنہا ہے اس کا کوئی ہمسر نہیں، اور اس کے رسول ہیں اور اس بات کی گواہی دیتاہوں کہ بیشک آپ نے یارسول اللہ رسالت کا حق ادا کردیا، اور امانت ادا کردی اور امت کی خیر خواہی فرمائی اور امت کی بے چینی دور فرمائی، اللہ تعالیٰ آپ کو ہماری طرف سے بہترین

بدلہ عطا فرمائے، اللہ تعالیٰ آپ کو ہماری طرف سے افضل اور کامل ترین بدلہ عطا فرمائے جیسا کہ کسی نبی کو اس کی امت کی طرف سے ادا دیا جاتا ہے۔ اے اللہ! تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ اور فضیلت اور بلند درجہ عطا فرما، اور ان کو مقام محمود پر پہنچا دے، جس کا تو نے وعدہ کیا تھا، بیشک تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے نزدیک مقرب درجہ عطا فرما، بیشک آپ پاک ذات ہیں، اور عظیم ترین فضل اور احسان والے ہیں۔

## رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کے وسیلہ سے شفاعت کی دعاء

صلوۃ وسلام کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ان الفاظ سے شفاعت کی درخواست کرے۔

یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَسْئَلُکَ الشَّفَاعَةَ وَاَتَوَسَّلُ بِکَ اِلَى اللّٰهِ فِیْ اَنْ اَمُوْتَ مُسْلِمًا عَلٰى مِلَّتِکَ وَسُنَّتِکَ

ترجمہ:- یارسول اللہ میں آپ سے شفاعت کا طلبگار ہوں اور اللہ کے دربار میں آپ کا وسیلہ چاہتا ہوں اس بات پر کہ مسلمان ہونے کی حالت میں آپ کی سنت وملت پر مروں۔

## دوسروں کی طرف سے سلام

دوسروں نے اگر سلام پیش کرنے کے لئے کہا ہے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اس طرح سلام پیش کرے۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مِنْ فُلَانٍ اِبْنِ فُلَانٍ یَسْتَشْفِعُ بِکَ اِلٰى رَبِّکَ

ترجمہ:- یارسول اللہ آپ پر درود وسلام ہو، فلاں ابن فلاں (اس جگہ اس کا نام لیں) کی طرف سے، وہ آپ سے اپنے رب کے دربار میں شفاعت کا طالب ہے، لہٰذا آپ اس کے لئے اور تمام مسلمانوں کے لئے شفاعت فرمائیں۔

اگر بہت سارے لوگوں نے سلام پیش کیا ہے اور نام یاد نہیں ہے تو اس طرح پیش کرے۔

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ مِنْ جَمِیْعِ مَنْ اَوْصَانِیْ بِالسَّلَامِ عَلَیْکَ

یارسول اللہ آپ پر درود وسلام ہو ان تمام لوگوں کی طرف سے، جنہوں نے مجھ کو آپ پر سلام پیش کرنے کی ہدایت کی ہے۔

## حضرت ابو بکر صدیقؓ پر سلام

حضرت ابو بکر صدیقؓ پر اس طرح سلام پیش کریں۔

اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَاخَلِیْفَۃَ رَسُوْلِ اللّٰہِ وَثَانِیَہ فِیْ الْغَارِ وَرَفِیْقَہٗ فِیْ الْاَسْفَارِ وَ اَمِیْنَہٗ عَلٰی الْاَسْرَارِ اَبَابَکْرِ نِ الصِّدِّیْقِ جَزَاکَ اللّٰہُ عَنْ اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ خَیْرًا

آپ پر سلام ہو اے اللہ کے رسول کے خلیفہ غار میں ان کے ساتھی، سفروں میں ان کے رفیق، ان کے رازوں کے امین، ابو بکر صدیق آپ پر سلام ہو، اللہ تعالیٰ آپ کو امت محمدیہ کی طرف سے جزائے خیر عطا فرمائے۔

## حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر سلام

اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ عُمَرَ الْفَارُوْقَ الَّذِیْ اَعَزَّ اللّٰہُ بِکَ الْاِسْلامَ اَمَامَ الْمُسْلِمِیْنَ مَرْضِیًّا حَیًّا مَیْتًا جَزَاکَ اللّٰہُ عَنْ اُمَّۃِ مُحَمَّدٍ خَیْرًا

اے امیر المومنین عمر فاروق آپ پر سلام ہو، جن کے ذریعے اللہ نے اسلام کو غلبہ عطا فرمایا، اے مسلمانوں کے امام زندگی اور موت میں اللہ کے نزدیک پسندیدہ، اللہ تعالیٰ آپ کو امت محمدیہ کی طرف سے جزاء خیر عطا فرمائے۔

## جنت البقیع والوں پر الفاظ سلام

اَلسَّلامُ عَلَیْکُمْ دَارَ قَوْمٍ مُؤْمِنِیْنَ فَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰہُ بِکُمْ لاَ حِقُوْنَ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِاَہْلِ الْبَقِیْعِ الْغَرْقَدِ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلَھُمْ

اے ایمان والی قوم تم پر سلام ہو، بیشک ہم انشاء اللہ تعالیٰ تم سے ملنے والے ہیں، اے اللہ اہل بقیع کی مغفرت فرما، اے اللہ ہماری اور ان کی مغفرت فرما۔

## مدینہ منورہ سے واپسی کی دعاء

جب مدینہ منورہ سے وطن واپسی کا ارادہ ہو اور مسجد نبوی میں ریاض الجنۃ میں جانے کا موقع ہو تو دو رکعت پڑھ کر روضہ اطہر پر حاضر ہو کر صلوۃ وسلام پڑھے، اس کے بعد خوب دعائیں کرے پھر یہ دعاء پڑھے اور اگر ریاض الجنۃ میں اب جانے کا موقع نہ ہو تو روضہ اطہر پر حاضر ہو کر صلاۃ وسلام پیش کر کے پھر یہ دعا پڑھے۔

اَللھمَّ لَا تَجعَل ھذا آخِرَ العَھدِ بِنَبِیِّکَ وَ مَسجِدِہٖ وَحَرَمِہٖ وَیَسِّر لِیَ العَودَ اِلَیہِ وَالعُکُوفَ لَدَیہِ وَارزُقنِی العَفوَ وَالعَافِیَۃَ فِی الدُنیَا وَالآخِرَۃِ وَرُدَّنَا اَلی اَھلِنَا سَالِمِینَ غَانِمِینَ آمِنِینَ بِرَحمَتِکَ یَا ارحَمَ الرَاحِمِینَ

اے اللہ تیرے نبی کے ساتھ اور مسجد نبوی کے ساتھ اور حرم نبوی کے ساتھ اس زیارت کو آخری زیارت نہ بنا۔ اور میرے لئے دوبارہ لوٹ کر آنے کے سامان آسانی کے ساتھ فرمادے۔ اور یہاں آکر ٹھہرنا آسان فرمادے، اور دنیا وآخرت میں میرے لئے عافیت اور سلامتی مقدر فرما، اور ہم کو اپنے اہل وعیال کے پاس صحیح سالم اور اجر وثواب کے ساتھ واپس فرمادے۔ یاارحم الراحمین اپنی رحمت سے میری دعا قبول فرما۔

## عاجزانہ درخواست

مکہ مکرمہ ومدینہ منورہ میں جہاں کہیں مجھ گنہگار کا خیال آئے تو ضرور دعاء کریں کہ اے اللہ اس کتاب کو لکھنے والے کے علم وعمل میں دین دنیا میں برکت عطا فرما اور اس بندے کو دین کی خوب سے خوب خدمت کرنے کی توفیق عطا فرما۔

آپ کے لیے دل سے دعاء ہے کہ اللہ پاک آپ کے عمرے کو قبول فرمائے اور آسان فرمائے۔

کتبہ:۔ مفتی شاہ جہاں قاسمی مدنپلی